**17/01/2025**

**07.40 PM**

# Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔

اب آپ شبیرالزماں سے خبریں سُنئے

ہیڈ لائنز

پہلے اہم خبروں کی سُرخیاں۔

☆..........وزیراعظم کے ہاتھوں بھارت موبیلٹی گلوبل ایکسپو2025 کا افتتاح // کہا گرین ٹیکنالوجی کو بروئے کار لانا حکومت کی اولین ترجیح۔

☆..........صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے سال2024 کے قومی کھیل ایوارڈ کیئے عطا۔

☆..........وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے راجوری کے بدھل میں پر اسرار اموت سے پیدا شدہ صورتحال کا لیا جائزہ //تحقیقات کے عمل میں تیزی لانے کی دی ہدایت۔

اور

☆..........یوم جمہوریہ کی تقریبات کے احسن انعقاد کیلئے تیاریاں جاری // لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا کی صدارت میں ہوگی یوٹی سطح کی سب سے بڑی تقریب جموں میں منعقد۔

وزیراعظم

وزیراعظم نریندرمودی نے کہاہے کہ بھارت کا آٹوموبائیل سیکٹرلوگوں کی توقعات کوپورا کرتے ہوئے ترقی کی راہ پرگامزن ہے۔ بھارت منڈپم نئی دلی میں چھ روزہ بھارت موبلیٹی گلوبل ایکسپو2025 کا افتتاح کرنے کے بعد خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وکست بھارت کے سفر کے دوران آمدورفت کے شعبے میں اصلاحاتی تبدیلی دیکھنے کوملےگی۔

وزیراعظم نے کہا کہ مرکزی حکومت سفرکرنے کے ذرائع کوآسان بنانے کی طرف توجہ دے رہی ہے نیزاس شعبے میں گرین ٹیکنالوجی کوبروئے کارلانے کیلئے ہرممکن اقدامات کئے جارہے ہیں۔

..................Byte.....(PM).................

PM سکیم

وزیراعظم نریندرمودی کل ویڈیوکانفرنسنگ کے ذریعے10 ریاستوں اورمرکز کے زیرانتظام دوعلاقوں میں پھیلے 50ہزار سے زیادہ دیہات میںSVAMITA سکیم کے تحت جائیداد مالکان میں65لاکھ سے زائد پراپرٹی کارڈ تقسیم کریں گے۔

وزیراعظم کی طرف سے شروع کی گئی اس سکیم کا مقصد دیہی بھارت کی اقتصادی ترقی کویقینی بنانا ہے۔

ایوارڈ

صدرجمہوریہ دروپدی مرمونے آج راشٹرپتی بھون نئی دلی میں سال2024 کےقومی کھیل ایوارڈ عطا کئے۔ عالمی شطرنج چمپئن ڈی گوکیش، پیرس اولمپکس میں دومیڈل جیتنے والے مانو بھاکر، مردوں کی ہاکی ٹیم کے کپتان ہرمن پریت سنگھ اور پیرس پیرالمپکس میں گولڈمیڈل جیتنے والے پروین کمار کومیجر دھیان چند کھیل رتن ایوارڈ سے نوازا گیا۔

کچھ کھلاڑیوں کوڈرونا چاریہ ایوارڈ بھی عطا کئے گئے۔تقریب میں32 کھلاڑیوں کوارجنا ایوارڈ بھی عطا کئے گئے۔ ان میں پیرالمپکس میں کانسے کا تمغہ جیتنے والے جموں کشمیر کے پیراآرچرراکیش کمار بھی شامل ہیں۔

مبارکباد LG

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے صدر جمہوریہ درو پدی مرمو سے ارجنا ایوارڈ حاصل کرنے کیلئے راکیش کمار کو مبارکباد دی ہے۔ایک پیغام میں ایل جی نے کہا کہ راکیش کمار نے جموں کشمیر کا سر فخر سے اونچا کرنے کے ساتھ ساتھ پوری قوم کا نام روشن کیا ہے۔

لیفٹننٹ گورنر نے کہا کہ ان کی کارکردگی ،نوجوان کھلاڑیوں کیلئے کسی ترغیب سے کم نہیں۔

مبارکباد CM

وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی صدر جمہوریہ کے ہاتھوں ارجنا ایوارڈ حاصل کرنے پر اولمپین راکیش کمار کو مبارکباد دی ہے۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ اس کھلاڑی نے پیرا آرچری کے شعبے میں اپنا منفرد مقام بنا لیا ہے۔وزیراعلیٰ نے راکیش کیلئے اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

وزیراعلیٰ

وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے آج جموں میں ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کے دوران// راجوری ضلع کے بدھل علاقے میں پر اسرار اموات سے 16 قیمتی جانیں تلف ہونے سے پیدا شدہ صورتحال کا جائزہ لیا۔وزیراعلیٰ نے اس ساری صورتحال کے بارے میں جانکاری حاصل کرتے ہوئے متاثرہ کنبوں کے ساتھ دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔انہوں نے معاملے کی حساسیت کو مدنظر رکھتے ہوئے صحت اور پولیس محکمے کو ہدایت دی کہ وہ تحقیقاتی عمل میں تیزی لائیں۔میٹنگ میں صحت اور طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو، وزیراعلیٰ کے صلاح کار ناصر اسلم وانی، چیف سیکریٹری اٹل ڈلو اور کئی دیگر اعلیٰ افسران بھی موجود تھے۔

نائب وزیراعلیٰ

دریں اثناء نائب وزیراعلیٰ سُریندر چودھری نے آج سرکاری اسپتال شالامار کا دورہ کر کے وہاں راجوری میں پُر اسرار حالات سے متاثرین کی عیادت کی۔

انکے ہمراہ ایم ایل اے بدھل جاوید چودھری اور کئی دیگر افسران بھی تھے۔نائب وزیراعلیٰ نے اس موقعے پر افسروں کو ہدایت دی کہ وہ متاثرین کو بہتر طبی سہولیات دستیاب کریں۔

سُنیل شرما

قانون ساز اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر اور پاڈر ناگ سینی کے MLA سنیل شرما نے بدھل گاؤں میں پُر اسرار اموات کے تئیں بقول انکے غیر ذمہ دارانہ رویہ اختیار کرنے کیلئے حکومت کی نکتہ چینی ہے۔

انہوں نے کہا کہ صورتحال سے نمٹنے کیلئے وزیر اعلیٰ کو فعال طرز عمل اختیار کرنا چاہئے تھا۔ انہوں نے متاثرہ کنبوں کے ساتھ تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

خبریں آپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن اے آئی آر اور DTH پر بھی سماعت کر سکتے ہیں۔

خبروں کے بلٹن اور شعبہ خبر کے پروگراموں سے متعلق آپ اپنی آرا اور تجاویز ہمارے ای میل ایڈرس akashvanisrinagarnews@gmail.com پر بھیج سکتے ہیں۔

یوم جمہوریہ

جموں کشمیر میں آنے والے یوم جمہوریہ کی تقریبات کے سلسلے میں تیاریاں زور وشور سے جاری ہیں۔ جموں سے ہمارے نمائندے نعیم گلشن رینہ نے خبر دی ہے کہ یوٹی سطح کی سب سے بڑی تقریب مولانا آزاد اسٹیڈیم جموں میں منعقد ہوگی جہاں لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا قومی جھنڈا پھیرائیں گے اور پریڈ پر سلامی لیں گے۔

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ تقریب میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کریں گے۔ ادھر نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری سرینگر میں منعقد ہونے والی صوبائی سطح کی تقریب کی صدارت کریں گے۔ اسی طرح کابینہ وزراء مختلف ضلعوں میں قومی پرچم پھیرا کر پریڈ پر سلامی لیں گے۔

سردی

سردی کے ان ایام میں وادی میں لوگ کثرت سے گرمی کے روایتی اور جدید آلات کا استعمال کر رہے ہیں۔ ان میں خاص طور سے بخاریاں اور ہیٹر وغیرہ شامل ہیں۔ تاہم ان کے نامناسب استعمال سے بعض اوقات لوگوں کو جانی اور مالی نقصانات سے دوچار ہونا پڑتا ہے۔ اس سلسلے میں جب ہم نے گورنمنٹ میڈیکل کالج سرینگر میں ڈیپارٹمنٹ آف چسٹ میڈسن کی ایسوسیٹ پروفیسر ڈاکٹر سید ثُریا فاروق سے بات کی، تو انہوں نے کہا۔

…………Byte…..(Dr.Suriya)

نشہ

ملک کو نشے کی لعنت سے پاک کرنے کیلئے انفرادی اور اجتماعی سطح پر کوششیں جاری ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

..................Byte (PM)......................

ادھر جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے کئے جا رہے اقدامات کے خاطر خواہ نتائج سامنے آ رہے ہیں۔

اس حوالے سے جب ہم نے کشمیر یونیورسٹی میں ڈیپارٹمنٹ آف بزنس اینڈ فائنانس کے سینئر اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر ارشاد احمد ملک کے ساتھ بات کی، تو انہوں نے کہا۔

...........Byte (Dr.Irshd Malik).......

جتیندر سنگھ

سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ نے بھارتی محکمہ موسمیات کی 150 ویں سالگرہ کے موقعے پر آج شملہ میں قائم ملک کے سب سے پرانے میٹرولاجیکل اسٹیشن کا دورہ کیا۔ انہوں نے وہاں موسمیات سے متعلق پیش گوئی کرنے سے جڑی دستیاب جدید سہولیات کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔

انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں IMD، موسمیات اور ناگہانی آفات کی پیش گوئی میں نمایاں پیش رفت حاصل کرنے کا وعدہ بند ہے۔ دریں اثنا ڈاکٹر جتندر سنگھ نے شملہ میں سمویدھان گورو ابھیان تقریب میں بھی شرکت کی۔

تپ دق

ملک کے دیگر حصوں کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر میں بھی سو دنوں پر مشتمل تپ دق مخالف مہم شد و مد سے جاری ہے اور طبی ماہرین نے اس بیماری میں مبتلا مریضوں سے کہا ہے کہ وہ آگے آ کر اپنا علاج کرائیں۔

صحت یاب ہوئے ایک مریض کے تاثرات۔

..................Byte.....(Patient)................

سکینہ ایتو

صحت وطبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے آج پنڈت پریم ناتھ ڈوگرہ گورنمنٹ ڈگری کالج سانبہ میں Mathematical سائنسز سے متعلق دورہ کانفرنس کا افتتاح کیا۔

مہا کنبھ

اُتر پردیش کے پریاگ راج میں مہا کنبھ میلہ جاری ہے اور اب تک کافی تعداد میں شردھالووں نے وہاں امرت اسنان میں حصہ لیا ہے۔ مہا کنبھ 26 فروری تک جاری رہے گا۔

........................Music........................

فاروق عبداللہ

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے آج پارٹی کے کئی دیگر لیڈروں کے ہمراہ حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ کی درگاہ پر حاضری دی اور وہاں چادر چڑھائی۔
اس موقعے پر انہوں نے جموں وکشمیر میں امن وامان اور لوگوں کی فلاح و بہبود اور خوشحالی کیلئے دعا کی۔

BJP کشمیر

بھارتیہ جنتا پارٹی کشمیر کے ایکٹیو ممبرشپ انچارج اور نیشنل ایگزیکیٹیو ممبر BJYM بلال پرے نے آج سرینگر میں بقول انکے ہزاروں کی تعداد میں ایکٹیو ممبر شپ فارم بی جے پی جموں وکشمیر کے جنرل سیکریٹری اشوک کول کو سونپے۔ اس موقعے پر انہوں نے کہا کہ پارٹی زمینی سطح پر مضبوط ہورہی ہے اور زیادہ سے زیادہ لوگ بی جے پی کے ساتھ جڑ رہے ہیں۔

پولیس

پولیس نے آج پلوامہ اور ہندوارہ میں نئے فوجداری قوانین سے متعلق بیداری پروگراموں کا انعقاد کیا۔ اس دوران پولیس نے منشیات کے خلاف کاروائی کو جاری رکھتے ہوئے سرینگر اور ہندواڑہ سے دو منشیات فروشوں کو گرفتار کرکے انکے قبضے سے کچھ نشیلی اشیاء بھی برآمد کی ہے۔ انکے نام روف احمد زرگر ساکنہ منی گام گاندربل اور دانش احمد میر ساکن کرالہ گنڈ کپوارہ بتائے گئے ہیں۔

بلال محی الدین

سرینگر کے ضلع چناؤ آفیسر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے 25 جنوری کو 15 ویں نیشنل ووٹرس دن کے سلسلے میں تیاریوں کا جائزہ لیا۔

ڈی سی گاندربل شیام بھیر کی صدارت میں ضلع سطح کی کواپریٹیو ڈیولپمنٹ میٹنگ منعقد ہوئی۔ انہوں نے اس موقعے پر مختلف سکیموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔

اوڑی سب ڈویژن میں آج نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت والی بال ٹورنامنٹ اختتام پذیر ہوا۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24 گھنٹوں کے دوران موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے۔

سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 7 اعشاریہ 3 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی 2 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 18 اعشاریہ 5 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 5 اعشاریہ 2 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح 7 بجکر 35 منٹ پر اور
غروب آفتاب شام 5 بجکر 47 منٹ پر ہوگا۔
اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔
خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے
کل صبح 7 بجکر 45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہوگا۔
ہمیں دیجیئے اجازت // خدا حافظ۔